Taxi & Limousine Commission

فوری اشاعت 10-23#

12/12/2023

نوٹس: مختصر مدت کا FHV لائسنس اسٹوریج پروگرام 5 دسمبر سے دستیاب ہوگا

David Do
کمشنر/چیئر
tlccommissioner@tlc.nyc.gov

Jason Kersten
معاملاتِ عامہ
press@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

TLC نے ایک نیا مختصر مدت کا اسٹوریج پروگرام تشکیل دیا ہے جو لائسنس یافتہ افراد کو اپنا موجودہ FHV لائسنس ہر 2 سال میں ایک مرتبہ مسلسل 90 دن تک تجدیدی دورانیے میں اسٹوریج میں رکھنے کی اجازت دے گا۔ یہ پروگرام ایسے لائسنس یافتہ افراد کے لیے کارآمد ہوگا جو توسیعی دورانیے کے لیے بیرونِ ملک کا سفر کر رہے ہوں، یا جنہیں اپنی گاڑی کے حوالے سے مسائل کا سامنا ہو۔

لائسنس کو اسٹوریج میں رکھنے کے لیے، درج ذیل اہلیتی معیار کی لازماً تکمیل کرنی ہوگی:

- تمام معطلات کا لازماً تصفیہ ہونا چاہیے؛
- آپ کے ذمہ TLC کو واجب الادا کوئی جرمانے یا فیسیں نہیں ہونی چاہئیں؛
- زیرِ التوا پلیٹ، بیس اور/یا گاڑی کی منتقلیوں کے حامل لائسنس یافتہ افراد لائسنس کو اسٹوریج میں رکھنے کے لیے اہل نہیں ہوں گے؛
- زیرِ التوا تجدید کے حامل لائسنسز اسٹوریج میں رکھے جانے کے اہل نہیں ہوں گے؛
- اِن-اسٹوریج کی درخواستیں TLC پلیٹ کی دستبرداری سے 60 دنوں کے اندر اندر لازماً جمع کروانی ہوں گی (TLC کے سسٹم میں پلیٹ کی دستبرداری دکھائی دینے کے لیے 48 گھنٹے کا وقت دیں)۔

اہلیتی معیار کی تکمیل ہو جانے پر، آپ FHV لائسنس کو TLCUP کے ذریعے اسٹوریج میں رکھ سکتے ہیں

اضافی معلومات کے لیے براہِ کرم ہمارا فار ہائر وہیکل لائسنس اسٹوریج کا صفحہ ملاحظہ کریں۔